رئیس التحریر کی ڈاک

استاذی المکرم صاحب الفضیلۃ الشیخ محمد یسین ظفر صاحب دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ؛ امید ہے کہ آپ کے مزاج گرامی بحمد اللہ خیریت سے ہوں گے۔
حق جل مجدہ' آپ کو صحت و عافیت والی لمبی زندگی نصیب فرمائے۔

بعد از سلام و دعا! ماہنامہ ''ترجمان الحدیث'' ہمارے اکابر کی یادگار ہے اور ہماری مادر علمی جامعہ سلفیہ کا ترجمان ہے۔ ایک لمبے وقفے کے بعد اس کے دو تازہ شمارے برادرم مولانا محمد ارشد قصوری صاحب نے عنایت فرمائے۔ میرا تو خیال تھا کہ شاید اب ''ترجمان الحدیث'' کو مستقل طور پر بند کر دیا ہے لیکن معلوم ہوا کہ بوجوہ دیگر اس کی اشاعت بند ہوئی تھی۔ تو گذارش ہے کہ ''ترجمان الحدیث'' با قاعدگی سے اگر چلتا رہے تو اس میں جامعہ و جماعت کی عزت و وقار ہے۔ اور اس کے ساتھ ہماری دلی وابستگی ہے مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ایک مرتبہ آپ نے مجھے 100 رسالے دیکر حضرت حافظ محمد عبد اللہ شیخوپوری مرحوم کے پاس جمعہ میں بھیجا تھا محترم حافظ صاحب مرحوم نے بڑا بھرپور اعلان فرمایا تھا اور وہ سارے پرچے وہاں فروخت ہو گئے تھے۔ اگر آپ صرف ملک بھر میں پھیلے ہوئے فاضلین و فیض یافتگان جامعہ کو اس کا مستقل خریدار بننے کا ''امر'' فرما دیں تو اس کی اشاعت کئی ہزاروں میں ہو سکتی ہے۔

بہر حال تازہ شمارے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ اب یہ جامعہ کا ''ترجمان'' مسلسل چلتا رہے۔
آمین الٰہ العالمین آپ کی حسنات کو قبول فرمائے۔

طالب الدعوات محمد حسن سلفی

طالب الدعوات

محمد حسن سلفی

16-4-2012